ONE NATION ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

نیشنل ویمنز ون ڈے ٹورنامنٹ جمعہ سے شروع ہو گا

- پانچ ٹیموں کے ٹورنامنٹ میں مینٹورز بھی کام کریں گے
- ٹورنامنٹ کی انعامی رقم 3.3 ملین ہے، جیتنے والی ٹیم کو 1.5 ملین روپے ملیں گے

کراچی، 7 نومبر 2024ء:

پانچ ٹیموں کا نیشنل ویمنز ون ڈے ٹورنامنٹ 8 سے 30 نومبر تک کراچی میں ہو گا۔ چیلنجرز، کانکررز، انونسیبلز، اسٹارز اور اسٹرائیکرز کی ٹیمیں ڈبل لیگ فارمیٹ میں مقابلہ کریں گی۔ ہر ٹیم آٹھ میچز کھیلے گی پوائنٹس ٹیبل پر موجود ٹاپ کی دو ٹیمیں 30 نومبر کو فائنل کے لیے کوالیفائی کریں گی۔

ہر روز دو میچز ایچ پی سی اوول گراونڈ اور یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلے جائیں گے۔ 21 میچوں کے ٹورنامنٹ کی انعامی رقم 3.3 ملین ہے، جس میں جیتنے والی ٹیم کو 1.5 ملین روپے کی انعامی رقم اور رنرز اپ کو 10 لاکھ روپے ملیں گے۔

میچز صبح 9:30 بجے شروع ہوں گے، ٹاس صبح 9 بجے ہو گا۔

بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ون ڈے ٹورنامنٹ میں کام کرنے والے پانچ مینٹورز ٹورنامنٹ میں ٹیموں کے ساتھ شامل ہوں گے۔ چیلنجرز کو وقار یونس کی خدمات حاصل ہوں گی جبکہ کانکررز کی رہنمائی مصباح الحق کریں گے۔ سرفراز احمد انونسیبلز ٹیم کو دستیاب ہوں گے جب کہ اسٹارز اور اسٹرائیکرز کو بالترتیب شعیب ملک اور ثقلین مشتاق کی سرپرستی حاصل ہو گی۔

چیلنجرز کی قیادت آل راؤنڈر عالیہ ریاض کریں گی جبکہ کانکررز کی کپتانی قومی ویمن ٹیم کی کپتان فاطمہ ثناء کریں گی۔ وکٹ کیپر بلے باز منیبہ علی انونسیبلز کی قیادت کریں گی جبکہ سدرہ امین اور ندا ڈار بالترتیب اسٹارز اور اسٹرائیکرز کی قیادت کریں گی۔

چیلنجرز:

عالیہ ریاض (کپتان)، عریجہ حسیب، آرم برکت، ایشارا ہو پوٹو، فاطمہ شاہد، گل رخ، ثمینہ آفتاب، ماہم منظور، مومنہ ریاست، نتالیہ پرویز، تہزیب شاہ، تسمیہ رباب، ام ہانی، یسرہ عامر، زیب النساء اور ثمینہ طاہر

کانکررز:

فاطمہ ثناء (کپتان)، علینہ شاہ، دعا ماجد، فرزانہ فاروق، حفصہ خالد، حمنہ بلال، خدیجہ چشتی، لاریب ملک، ماہنور آفتاب، محراب فاطمہ، ناجیہ علوی، نشرہ سندھو، رحمت نورین، ردا اسلم، سائرہ جبین، سیدہ عروب شاہ

انونسیبلز:

منیبہ علی (کپتان)، عنبر کائنات، اریشہ نور، عائشہ ظفر، فاطمہ زہرہ، غلام فاطمہ، حلیمہ دعا، ارم جاوید، نیہا شرمین، نور الایمان، عمائمہ سہیل، صائمہ ملک، صائقہ ریاض، شبنم حیات، تانیہ سعید اور یسرہ احتشام

اسٹارز:

سدرہ امین (کپتان)، آئمہ سلیم، ایمن انور، انوشہ ناصر، حورینہ سجاد، کائنات حفیظ، لائبہ فاطمہ، لائبہ منصور، نیلم مشتاق، رابعہ رانی، رامین شمیم، صدف شمس، سدرہ نواز، سوہا فاطمہ، طوبہ حسن اور وسیم اختر

اسٹرائیکرز:

نداڈار (کپتان)، علینہ مسعود، علیزہ صابر، آمنہ بی بی، انعم امین، عائشہ بلال، ایمن فاطمہ، فجر نوید، فریحہ محمود، گل فیروزہ، مقدس بخاری، نورین یعقوب، صبیقہ شہزادی، سیدہ معصومہ جعفری، وردہ یوسف اور عبدالستار

-END-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial